کچھ جس کے دیکھنے کیلئے ایک عالم بیتاب و بے قرار تھا منظر عام پر آ گیا۔ زیر نظر کتاب صرف ایک کتاب ہی نہیں بلکہ ایک پورا کتب خانہ ہے، جس میں حضرت اقدس کے بچپن کے حالات، واقعات، معمولات، مصروفیات تدریسی تفسیر ذوق تصنیفات وتالیفات نقوش وتاثرات اہل علم حضرات کے نگارشات افادات ومکاتیب تعزیتی پیغامات وتاثرات غرض وہ سب کچھ جو دلوں کو سرور اور ابصار کو نور بخشیں اس میں موجود ہے۔

الشریعۃ اکادمی اور ناشران حضرات صد مبارک باد کے مستحق ہے جنہوں ان تھک محنت وکوشش کر کے حضرت اقدس کے معتقدین محبین و متعلقین پر خصوصاً اور عامۃ المسلمین پر عموماً احسان عظیم فرمایا:

فتقبل منهم سعيهم ونفع الله به المسلمين امين. ويرحم الله عبداقال امينا

کتاب: مصباح المصلی اردو شرح منیۃ المصلی

مصنف: مولانا ولی اللہ صاحب، مدرس جامعہ عربیہ معراج العلوم بنوں۔ ناشر: بادشاہ گل چھاپہ خانہ محلہ جنگی پشاور

فقہ حنفی میں ابواب صلوٰۃ کے متعلق مسائل پر مشتمل کتاب ''منیۃ المصلی'' تقریباً سات سو سالوں سے مدارس اور مساجد میں پڑھائی جانے والی کتاب ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے مگر عربی سے ناواقف حضرات کیلئے اس سے کماحقہ فائدہ اٹھانا دشوار تھا۔ اسلئے ارباب علم وکمال نے مختلف زبانوں میں اس کتاب کے تراجم اور شروح لکھے۔ حضرت مولانا ولی اللہ صاحب کی یہ کاوش اسی کتاب کی عام فہم شرح ہے جو اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، حضرت مولانا نے طلبہ کرام کی آسانی کیلئے کتاب کی عربی عبارت پر اعراب لگانے کے علاوہ عبارت کا سلیس ترجمہ اور حسب ضرورت پوری تشریح کی ہے، جس کو بادشاہ گل چھاپہ خانہ پشاور نے متوسطہ سفید کاغذ پر لمونیشن کارڈ میں شائع کیا۔

کتاب: معارف مفتی اعظمؒ　　افادات: مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ

صفحات: ۵۳۹　　قیمت: ۲۹۰　　ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ آپؒ کی دینی، علمی، فقہی، تدریسی، تبلیغی، اصلاحی اور سیاسی وعملی خدمات جمیلہ سے پوری دنیا متعارف ہے، آپؒ علمی دنیا میں سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جناب مولانا قاری محمد اکبر شاہ بخاریؒ نے حضرت مفتی اعظمؒ کے علمی، فقہی اور اصلاحی مواعظ، مقالات اور نادر ملفوظات وارشادات کو جمع کر کے علماء، طلباء اور عوام الناس پر بڑا احسان کیا اور اس انمول خزانہ علم کو افادہ عام کیلئے ''زمزم پبلشرز'' کراچی نے عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد میں شائع کیا۔ یہ کتاب ہر خاص وعام کی ضرورت اور ہر کتب خانے کی زینت ہے۔